موالئے جهاں ذي جاں — یاسیدنا حاتم — یا محیي دین الله
یاسیدنا حاتم

اے خسرو ایماني — اے خاصهء یزداني — اے هستئ روحاني
یاسیدنا حاتم

مقبول خدا توهے — هر عقده کشا توهے — حاجات روا توهے
یاسیدنا حاتم

تو رنج مٹاتا هے — اٰفة کو هٹاتا هے — گردش کو پٹاتا هے
یاسیدنا حاتم

مُردوں کو جِلاتا هے — پیاسوں کو پلاتا هے — روتوں کو هنساتا هے
یاسیدنا حاتم

هے امر میرا معضل — فکروں میں گِهرا هے دل — حل کردے میري مشکل
یاسیدنا حاتم

فکروں سے رِها کر دے — اور دین اداء کردے — اب چین عطاء کردے
یاسیدنا حاتم

مسرور رهے هر آن — داعي زمن سلطان — برهان هدى ذي شان

یاسیدنا حاتم

هو ان کي بقاء زیادة — جب تک هے نر و ماده — اور خوش رهے شهزاده

یاسیدنا حاتم

مخلص هے جو دعوة میں — باقي رهے راحة میں — دشمن رهے آفة میں

یاسیدنا حاتم

اسحاق یر نالا هے — هر چند پریشان هے — کهتا یهي هر آن هے

یاسیدنا حاتم

سن لے میرے اب نالے — مقبول تو فرمالے — بحری اے یمن والے

یاسیدنا حاتم

****